OPINION POLL


DEMOGRAPHICS

10th September, 2024

# A MAJORITY OF PAKISTANIS (62%) WOULD PREFER LIVING IN A JOINT FAMILY OVER A NUCLEAR FAMILY; CLEAR DIFFERENCE OF OPINION BETWEEN MEN AND WOMEN, AND AMONGST VARIOUS AGE GROUPS FOUND, WITH ONLY A MINIMAL RURAL-URBAN DIFFERENCE: GALLUP & GILANI PAKISTAN

پاکستانیوں کی اکثریت (62%) نیوکلر فیملی (یعنی میاں بیوی اور بچوں کے ساتھ اکیلے رہنے) کی بجائے جوائنٹ فیملی میں رہنے کو ترجیح دیتی ہے ۔ خواتین و مرد حضرات میں اور مختلف عمر کے گروپ کے افراد کے درمیان نیوکلرفیملی یا جوائنٹ فیملی میں رہنے کے حوالےسے رائے میں واضح فرق پایا گیا ، جبکہ شہر ی اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کے درمیان اس حوالے سے بہت معمولی سا فرق دیکھنے میں آیا ۔

Question: Suppose you have the option to live in either joint family or nuclear family (i.e. living alone with spouse and children) after marriage, how would you prefer to live?




*Don't know/No response: 2%*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## ذاتی معلومات

ازدواجی حیثیت

شادی اور سماجی رویے پر پریس ریلیز کی سیریز کا 14 حصہ

**پاکستانیوں کی اکثریت (62%) نیوکلر فیملی (یعنی میاں بیوی اور بچوں کے ساتھ اکیلے رہنے) کی بجائے جوائنٹ فیملی میں رہنے کو ترجیح دیتی ہے۔ خواتین و مرد حضرات میں اور مختلف عمر کے گروپ کے افراد کے درمیان نیوکلر فیملی یا جوائنٹ فیملی میں رہنے کے حوالے سے رائے میں واضح فرق پایا گیا، جبکہ شہری اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کے درمیان اس حوالے سے بہت معمولی سا فرق دیکھنے میں آیا۔**

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 10 ستمبر، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (62%) نیوکلر فیملی کی بجائے جوائنٹ فیملی میں رہنے کو ترجیح دیتی ہے۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ خواتین کے مقابلے میں مرد حضرات کی 15% زیادہ شرح جوائنٹ فیملی میں رہنے کو ترجیح دیتی ہے۔ تمام عمر کے گروپ کے افراد میں سے 30 سے 50 سال کی عمر کے افراد کی زیادہ (65%) شرح نے جوائنٹ فیملی میں رہنے کی ترجیح ظاہر کی۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کے مقابلے میں شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی 4% زیادہ شرح نے شادی کے بعد جوائنٹ فیملی میں رہنے کو ترجیح دی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور سماجی رویے کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس پریس ریلیز کی سیریز کی پچھلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" فرض کریں کہ اگر آپ کے پاس یہ اختیار ہو کہ شادی کے بعد آپ جوائنٹ فیملی یا نیوکلر فیملی (یعنی میاں بیوی اور بچوں کے ساتھ اکیلے رہنا) میں سے کسی میں بھی رہ سکتے ہیں تو بتائیں کہ آپ کس طرح رہنا پسند کریں گے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں 62% جوابدہندگان کے مطابق وہ جوائنٹ فیملی میں رہنا پسند کریں گے ، جبکہ 36% جوابدہندگان کے مطابق وہ نیوکلر فیملی میں رہنا (یعنی میاں بیوی اور بچوں کے ساتھ اکیلے رہنا) پسند کریں گے، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"فرض کریں کہ اگر آپ کے پاس یہ اختیار ہو کہ شادی کے بعد آپ جوائنٹ فیملی یا نیوکلر فیملی (یعنی میاں بیوی اور بچوں کے ساتھ اکیلے رہنا) میں سے کسی میں بھی رہ سکتے ہیں تو بتائیں کہ آپ کس طرح رہنا پسند کریں گے ؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

**<u>جنس کے اعتبار سے:</u>** پاکستانی خواتین (54%) کے مقابلے میں پاکستانی مرد حضرات کی 15% زیادہ شرح نے شادی کے بعد نیوکلر فیملی کی بجائے جوائنٹ فیملی میں رہنے کو ترجیح دی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**<u>علاقوں کے اعتبار سے:</u>** شادی کے بعد جوائنٹ فیملی یا نیوکلر فیملی میں رہنے کا اختیار دینے پر دیہی علاقوں میں رہنے والے (60%) افراد کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے (64%) افراد کی زیادہ شرح نے جوائنٹ فیملی میں رہنے کی خواہش کا اظہار کیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے:** وہ پاکستانی افراد جو نیو کلر فیملی (یعنی میاں بیوی اور بچوں کے ساتھ اکیلے رہنے) کی بجائے جوائنٹ فیملی میں رہنے کو ترجیح دیتے ہیں کی سب سے زیادہ شرح 30 سے 50 سال کی عمر کے افراد میں (65%) پائی گئی، اس کے بعد اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح 30 سال سے کم عمر کے گروپ کے افراد میں(59%) پائی گئی، جبکہ 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں جوائنٹ فیملی میں رہنے کے حوالے سے سب سے کم شرح (52%) پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 755 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

# شادی اور سماجی رویے پر 2024 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2024 میں پاکستان میں شادیوں اور اس پر سماجی رویے پر گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

پریس ریلیز 1 : ازواجی حیثیت – https://gallup.com.pk/post/37262

پریس ریلیز 2 : والدین کی پسند کی شادی (Arranged Marriage) یا اپنی پسند کی شادی (Love Marriage) – https://gallup.com.pk/post/37276

پریس ریلیز 3 : شادی کا عرصہ / سال – https://gallup.com.pk/post/37288

پریس ریلیز 4 : شادی کے حوالے سے رشتوں کی تلاش – https://gallup.com.pk/post/37293

پریس ریلیز 5 : اخبارات یا دیگر ذرائع سے شادی/ضرورتِ رشتہ کے حوالے سے اشتہارات – https://gallup.com.pk/post/37297

پریس ریلیز 6 : شادی کیلئے اپنے شریک حیات کی تلاش میں مدد کے حوالے سے موجود آن لائن ویب سائٹس/ایپ – https://gallup.com.pk/post/37303

پریس ریلیز 7: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : فرقے/مسلک کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37311

پریس ریلیز 8: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : ذات/برادری کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37315

پریس ریلیز 9: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : قومیت کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37322

پریس ریلیز 10: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : مذہب کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37328

پریس ریلیز 11: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : مختلف سیاسی جماعتوں کی حمایت کرنے والوں کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37334

پریس ریلیز 12: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : پیسوں یعنی امیر/غریب کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37349

پریس ریلیز 13: جوائنٹ فیملی – https://gallup.com.pk/post/37355

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 10th September 2024**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)